پریس ریلیز

یوم دفاع پر پی جی ایم آئی و امیر الدین میڈیکل کالج میں پر وقار تقریب

پاک فوج کی تاریخ ہمیں بہادری ، شجاعت اور عزم مصمم کی یاد دلاتی ہے: پروفیسر الفرید ظفر

جدید اور اعلیٰ تعلیم ہی باوقار زندگی گزارنے کا راستہ ہے، وطن عزیز کو مزید مستحکم بنائیں گے

ہر تہوار پر ہمیں زیادہ جوش و جذبے کے ساتھ دکھی انسانیت کی خدمت کا عہد کرنا چاہیے

لاہور 6 ستمبر: ...... یوم دفاع پاکستان کے موقع پر پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و امیر الدین میڈیکل کالج میں پر وقار تقریب کا انعقاد ہوا جس میں میڈیکل سٹوڈنٹس نے بھر پور شرکت کی اور اس تاریخی دن پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک و قوم کی حفاظت او روطن عزیز کے تحفظ کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر الفرید ظفر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلا شبہ پاک فوج کی تاریخ بہادری اور شجاعت سے مزئین ہے اور یوم دفاع ہمیں اُس عزم مصمم کی یاد دلاتا ہے جو اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں نے اپنے لہو سے رقم کیا ۔انہوں نے کہا کہ میجر عزیز بھٹی شہید سے لے کر اس پاک دھرتی پر قربان ہونے والے ہر افسر اور جوان نے ثابت کیا ہے کہ پاکستان ہی ہماری زندگی ہے جس کے تحفظ کے لئے ہم اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر دشمن سے سینہ سپر ہوں گے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے امیر الدین میڈیکل کالج کے سٹوڈنٹس کو یاد دلایا کہ جدید اور اعلیٰ تعلیم ہی کسی قوم کے لئے زندگی گزارنے کا باوقار راستہ ہے اور ہمیں ہر تہوار پر اس عزم کا عہد کرنا چاہیے کہ دکھی انسانیت کی خدمت کے لئے ہم سے جو کچھ ہو سکا ضرور کرتے رہیں گے۔

تقریب میں اظہار خیال کرتے ہوئے ایم ایس ایل جی ایچ ڈاکٹر خالد بن اسلم ،فوکل پرسن ایمر جنسی ڈاکٹر لیلیٰ شفیق اور نرسنگ سپر نٹنڈنٹ مسز میمونہ ستار نے کہا کہ آج سے 57 برس قبل پاک فوج نے دشمن کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑے ہو کر جو داد شجاعت دی ہم سب کو اُس پر فخر ہے اور آج ہم ایک مرتبہ پھر یہ عہد کرتے ہیں کہ وطن عزیز پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے اور نہ ہی دشمن کو اس مادر وطن کو میلی آنکھ سے دیکھنے کی اجازت دیں گے۔ اسی طرح پاکستان کو مزید مستحکم کرنے اور ہر شعبے میں ترقی کی منازل طے کرنے کے لئے دن رات محنت سے کام کریں گے تا کہ اس ملک کو قائد اور اقبال کے خوابوں کے مطابق تعبیر مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین میڈیکل اور دفاع کے ساتھ ساتھ ہر شعبے میں شانہ بشانہ ساتھ ہیں۔

پرنسپل پی جی ایم آئی نے نوجوانوں پر زور دیا کہ پاکستان کو اندرون و بیرون طور پر مستحکم کرنے اور ٹیکنالوجی کے حصول میں اپنی صلاحیتوں کو منوانے کیلئے آگے آنا چاہیے، کیونکہ اس وقت دنیا کے جو ممالک اقتصادی، سائنسی اور دفاعی لحاظ سے قرہ ارض پر رول کر رہے ہیں انہوں نے حصول تعلیم اور جدید سائنس کی ریسرچ پر اپنی توانائیاں خرچ کرکے یہ مقام حاصل کیا ہے، ہمیں بھی چاہیے کہ پاکستان کو ہر لحاظ سے ایک طاقتور، مستحکم ملک بنانے کیلئے ایجوکیشن و ریسرچ پر توجہ دیں تا کہ بین الاقوامی برادری میں وطن عزیزی کو باوقار مقام دلا سکیں۔

پروفیسر الفرید ظفر نے یوم دفاع کے موقع پر میڈیکل سٹوڈنٹس کی طرف سے تقریب کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ یوتھ ہمارا اصل سرمایہ ہے اور نوجوان نسل کی ملکی دفاع کے حوالے دلچسپی بلا شبہ لائق تحسین ہے۔

☆☆☆☆

یوم دفاع کے موقع پر امیر الدین میڈیکل کالج میں پروقار تقریب کا انعقاد،
پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر سٹوڈنٹس سے خطاب کرر ہے ہیں